# انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد

## انسٹیٹیوٹ آف پروفیشنل ڈیولپمنٹ(IPD)

## انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد اسکولز(IIUI اسکولز)

# علم وادب (اردو کی درسی کتاب چہارم)

| تقسیم نصاب برائے جماعت (چہارم) | معیاداول | معیاددوم |
|---|---|---|
| کل ہفتے | ۱۶ (اگست تا دسمبر) | ۱۹ (جنوری تا مئی) |
| کل پیریڈ (ہفتہ وار مختص کردہ پیریڈ = ۷) | ۱۶ × ۷ = ۱۱۲ پیریڈ | ۱۹ × ۷ = ۱۳۳ پیریڈ |
| مختص کردہ وقت برائے اعادہ، جانچ | ۱ہفتہ(۷پیریڈ)استاداپنی ضرورت کے مطابق پہلے معیاد میں استعمال کریں گے۔ | ۱ہفتہ(۷پیریڈ)استاداپنی ضرورت کے مطابق دوسرے معیاد میں استعمال کریں گے۔ |
| مختص کردہ وقت برائے تدریسی تشخیص/ متوقع ناگہانی صورتحال | ۱ہفتہ(۷پیریڈ) صرف معیاد کے آخر میں استعمال ہوگا۔ | ۱ہفتہ(۷پیریڈ) صرف معیاد کے آخر میں استعمال ہوگا۔ |
| مختص کردہ وقت برائے تدریس | ۱۴ہفتے (۱۴ × ۷ = ۹۸ پیریڈ) | ۱۷ ہفتے (۱۷ × ۷ = ۱۱۹پیریڈ) |
| **نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے ذرائع**<br>**رہنمائے استاد:** اساتذہ کی رہنمائی کے لیے رہنمائے استاد میں ہر سبق کو شروع کرنے سے پہلے تمہیدی گفتگو دی گئی ہے جو استاد کو سبق کا مقصد سمجھانے میں مددگار ثابت ہو گی۔ کتاب میں دی گئی تمام مشقوں کے جوابات کے ساتھ ساتھ قواعد کو بہتر طور پر سمجھانے کے لیے تفصیلاً تمہید درج ہے۔ | ۱۔ حمد<br>۲۔تن درستی (نظم)<br>۳۔حضور اکرمؐ کے اخلاق<br>۴۔ ہمارا پرچم<br>۵۔ جگنو ستارہ'ارفع کریم'<br>۶۔ گفتگو(نظم)<br>۷۔ بادشاہی مسجد<br>۸۔اسکول کا پہلا دن | ۱۴۔ پرندے ہمارے دوست<br>۱۵۔ نعت<br>۱۶۔حضرت علیؓ<br>۱۷۔کاغذ کی کہانی<br>۱۸۔مارخور(قومی جانور)<br>۱۹۔نشان حیدر<br>۲۰۔صبح کی آمد(نظم)<br>۲۱۔ بلندترین وادی: شوگران |

| تقسیم نصاب برائے جماعت (چہارم) | معیاد اول | معیاد دوم |
| --- | --- | --- |
| **نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے ذرائع**<br>**رہنمائے استاد:** اساتذہ کی رہنمائی کے لیے رہنمائے استاد میں ہر سبق کو شروع کرنے سے پہلے تمہیدی گفتگو دی گئی ہے جو استاد کو سبق کا مقصد سمجھانے میں مددگار ثابت ہو گی۔ کتاب میں دی گئی تمام مشقوں کے جوابات کے ساتھ ساتھ قواعد کو بہتر طور پر سمجھانے کے لیے تفصیلاً تمہید درج ہے۔ | ۹۔ اسلامی تہوار<br>۱۰۔ کمپیوٹر کا تعارف<br>۱۱۔ میں گر پرندہ ہوتا (نظم)<br>۱۲۔ ایفائے عہد<br>۱۳۔ ایم۔ ایم۔ عالم | ۲۲۔ ہمارے رہنما<br>۲۳۔ شور بہت ہے<br>۲۴۔ ٹوٹ بٹوٹ نے کھیر پکائی (نظم)<br>۲۵۔ میں ہوں کوڑے دان<br>۲۶۔ خدمت خلق<br>۲۷۔ درخت (نظم)<br>۲۸۔ شیخ سعدی کی حکایتیں |

## معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پہلا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | تعارف | استاد اور طلباء کا تعارف | استاد اپنا تعارف کرائے اور جماعت کے ہر طالب علم سے اس کا نام اور اس کے بارے میں ایک دو اور سوالات کرے | |
| ۲ | | | کام کرنے کے اصول | جماعت میں کام کرنے کا طریقہ کار | استاد طلباء کو اپنی تدریسی طریقہ کار سمجھائے۔ | |
| ۳ | | | تجزیاتی ورک شیٹ | پچھلی جماعتوں میں کیے گئے کام کی جانچ | ورک شیٹ کے ذریعے پچھلی جماعتوں کی پڑھائی کی جانچ کی جائے۔ | |
| ۴ | ۱ | ۱ | حمد | اللہ تعالیٰ کی صفات اور اس کی بنائی ہوئی چیزوں سے واقفیت اور ان کی ضرورت سے آگاہی<br><br>حمد کی تشریح | چند اشارات تختہ تحریر پر لکھے جائیں گے مثلاً رازق۔ خالق۔ مالک۔ حاکم۔ واحد ۔طلبہ سے پوچھا جائے گا کہ کس ہستی کو ان ناموں سے پکارا جاتا ہے؟ طلبہ سمجھ جائیں گے کیونکہ وہ پہلے پڑھ چکے ہوں گے اس کے بعد طلبہ کی سابقہ معلومات کی جانچ کے لیے پوچھا جائے گا کہ اللہ کی صفات بتائیے۔ تمام طلبہ سے باری باری ان کی رائے لی جائے گی اور پھر موضوع کی طرف آئیں<br>استاد حمد کے ایک ایک شعر کو با آواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | اپنی پسند کی کوئی سی حمد لکھ کر لائیں۔<br>حمد اور نعت میں کیا فرق ہے؟ لکھ کر لائیں۔ |
| ۵ | | | | حمد کو زبانی یاد کروانا | استاد بچوں سے حمد کی بلند خوانی کروائے تاکہ حمد ان کو زبانی یاد ہو جائے۔ | تیسرے شعر کی تشریح لکھ کر جائیں |
| ۶ | ۱ | ۲ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲ گھر سے کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### دوسرا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱ | ۲ | مشق ۳ | ہم آواز الفاظ کی پہچان | بچوں سے دی گئی حمد سے 'ڈالی' کے ہم آواز الفاظ تلاش کر کے لکھوائیں | |
| ۲ | | | سرگرمی | اللہ کی صفات یاد کروانا | طلبہ کو گروپ میں تقسیم کیا جائے گا اور کتاب میں موجود سرگرمی کروائی جائے گی۔ ہر گروپ کو پرچے دیئے جا سکتے ہیں۔ دس منٹ کے بعد ہر گروپ سے ایک بچہ اپنے لکھے ہوئے الفاظ جماعت کے سامنے پیش کرے گا۔ | حمد کے شروع کے تین شعر یاد کر کر آئیں |
| ۳ | | ۲<br>۹۹ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان اور معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | مکمل حمد یاد کر کے آئیں |
| ۴ | ۲ | ۴۹ | تن درستی | تندرستی کی اہمیت اور فوائد سے واقفیت حاصل کرنا<br><br>نظم کی تشریح | تنگدستی اگر نہ ہو غالبؔ تندرستی ہزار نعمت ہے<br>معلّمہ اس شعر کو تختہ تحریر پر لکھیں گی اور طلبہ سے اس شعر کے حوالے سے رائے لیں گی۔ تمام طلبہ اپنی اپنی رائے کا اظہار کریں گے اور ایک کل جماعتی گفتگو میں تندرستی کی اہمیت پر اپنے اپنے نکات واضح کریں گے اور پھر موضوع کی طرف آئیں۔<br>طلبہ کو گروپ میں تقسیم کیا جائے گا اور ہر گروپ کو ایک ایک بند پڑھنے کے لیے دیا جائے گا۔ اس کے بعد استاد نظم کے ایک ایک شعر کو با آواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | ان پانچ چیزوں کے نام لکھیے جن کو شاعر نے تن درستی سے تشبیہ دی ہے |
| ۵ | | | | نظم کو زبانی یاد کروانا | استاد بچوں سے نظم کی بلند خوانی کروائے تا کہ حمد ان کو زبانی یاد ہو جائے۔ | |
| ۶ | | ۵۰ | مشق ۱۔۲ | اچھے بچوں کی پہچان<br>بند کی تشریح | نظم پڑھ کر اچھے لڑکوں کی پہچان بتائیے<br>دیے گئے بند کو اپنے الفاظ میں لکھیے | مشق ۳ کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاد اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### تیسرا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۵۱ | مشق ۴ | 'نون غنہ' کی پہچان | نون غنّہ والے الفاظ کو سمجھانے کی تفصیل کتاب میں درج ہے۔ استاد سب سے پہلے چند مثالیں تختہ تحریر پر لکھیں اور طلبہ سے فرق واضح کروائیں۔ جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی دی جائے جس میں ایک لفظ درج ہو۔ کچھ بچوں کو نون غنہ والے الفاظ دیئے جائیں اور چند بچوں کو صرف نون والے الفاظ۔ اس کے بعد طلبہ سے کہا جائے کہ اس میں نون غنّہ والے الفاظ جن بچوں کے پاس آئے ہیں وہ ایک طرف ہو جائیں اور باقی ایک طرف۔ اس طرح بچوں کو معلوم ہو جائے گا کہ نون غنّہ والے الفاظ کون سے ہوتے ہیں۔ | وہ کون سی عادتیں ہیں جو ہماری اچھی صحت کے لیے ضروری ہیں؟ |
| ۲ | | | مشق ۵ | شرطیہ جملوں کی پہچان | دی گئی ہدایات کو مثالوں سے سمجھائیں اور مشق کروائیں | آپ کو نظم کا کون سا بند سب سے اچھا لگا اور کیوں؟ |
| ۳ | | ۵۰<br>۱۰۰ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان اور معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۴ | ۳ | ۵۔۶ | حضور اکرمؐ کے اچھے اخلاق | رسول ﷺ کی اخلاقی صفات کے متعلق آگاہی حاصل کرنا<br>بلند خوانی | طلبہ کو گروپ میں تقسیم کیا جائے اور ہر گروپ کو ایک ایک سادہ پرچہ دیا جائے (رنگین کمپیوٹر پیپر بھی دیا جا سکتا ہے) اور طلبہ سے کہا جائے کہ وہ ہمارے پیارے نبی ﷺ کی ذات وصفات پر پانچ نکات تحریر کیجئے۔ طلبہ اپنی سابقہ معلومات کے حوالے آپس میں تبادلہ خیال کرتے ہوئے نکات تحریر کریں گے۔ دس منٹ کے بعد ہر گروپ سے ایک بچہ اپنے لکھے گئے نکات جماعت کو سنائے گا۔<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | |
| ۵ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | حضور اکرمؐ کے بارے میں ایک پیراگراف لکھیں |
| ۶ | | ۶ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲۔۳ کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## چوتھا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳۔۴ | ۳ | ۷ | مشق ۴<br>سرگرمی | حرفِ اضافت کی پہچان | استاد کسی بچے سے کوئی چیز لیں گی مثلاً پنسل وغیرہ اور پوچھیں گی یہ کیا ہے؟ طلبہ بتائیں گے۔ پھر اس کے بعد پوچھیں گی کہ یہ کس کی ہے؟ طلبہ بتائیں گے کہ یہ اس بچے کی پنسل ہے۔ استاد اس جملے کو تختہ تحریر پر لکھیں گی۔ اس کے بعد طلبہ سے پوچھیں گی کہ اگر میں ''کی'' کا حرف نہ لکھوں؟ طلبہ بتائیں گے کہ اگر نہ لکھیں تو جملہ سمجھ نہیں آئے گا۔ معلّمہ طلبہ کو مزید بتائیں گی کہ کا۔ کی۔ کے حروف اضافت کہلاتے ہین اور جب یہ کسی سے تعلق ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں (کا۔ کی۔ کے لگاتے وقت خالی جگہ کے بعد والا لفظ دیکھتے ہیں کہ مذکر ہے یا مونث)<br>دی گئی مشق کروائیں اور کتاب کے علاوہ مزید جملے بھی بنوائیں | حضور اکرمؐ کی بچوں سے محبت کا کوئی واقعہ لکھ کر لائیں |
| ۵ | | | مشق ۵<br>سرگرمی | شکی جملوں کی پہچان | طلبہ سے پوچھیں گی کہ کیا کبھی آپ کے ساتھ ایسا ہوتا ہے کہ آپ کوئی کام کرنے کا ارادہ کریں اور آپ کو یقین نہ ہو کہ وہ کام ہوگا یا نہیں؟ جیسے میں گھر جاؤں گی تو کھانا تیار ہو گیا ہوگا۔ یا میرے کمرے کی صفائی ہو گئی ہوگی وغیرہ ۔ معلّمہ طلبہ کو مزید سمجھائیں گی کہ ایسے جملے جس میں کام ہونے یا نہ ہونے کا اندیشہ یا شک ظاہر کیا جائے انہیں ''شکی جملے'' کہتے ہیں | سوالات کے جوابات یاد کر کے آئیں |
| ۶ | | | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## پانچواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۴ | ۸_۹ | ہمارا پرچم | اپنے ملک کے پرچم کی اہمیت جاننا<br>بلند خوانی | طلبہ کو کمپیوٹر پر یا تصاویر کے ذریعے مختلف ممالک کے جھنڈے دکھائے جائیں اور پوچھا جائے کہ یہ کن ممالک کے جھنڈے ہیں؟ پھر بتائیں کہ کوئی بھی ملک کن چیزوں سے پہچانا جاتا ہے مثلاً مقامات۔لباس۔ خوراک۔جھنڈا وغیرہ ۔اس کے بعد پاکستان کا جھنڈا دکھائیں اور اس کے بارے میں بتائیں<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | والدین کی راہنمائی میں نیٹ کی مدد سے معلوم کریں کہ پاکستانی جھنڈا کس نے بنایا؟ |
| ۲ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | |
| ۳ | | ۹_۱۰ | مشق ۱_۴ | سوالات کے جوابات<br>املا کی درستگی | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دیے گئے الفاظ کا املا درست کر کے لکھیں | مشق ۲،۳ کر کے لائیں |
| ۴ | | ۱۰_۱۱ | مشق ۵_۶<br>سرگرمی | اسم عام اور خاص کی پہچان | استاد دو جملے تختہ سفید پر لکھیں:<br>۱۔پاکستان ایک خوبصورت ملک ہے۔ ۲۔ احمد ایک اچھا لڑکا ہے۔<br>پھر طلبہ کو بتائیں کہ اگر میں صرف ملک لکھوں تو آپ کو کیسے معلوم ہوگا کہ کون سا ملک ہے لیکن جب پاکستان لکھا تو اس سے معلوم ہوا کہ پاکستان کے بارے میں بات ہو رہی ہے۔بس جب کسی خاص نام کی طرف اشارہ ہوتا ہے تو وہ اسم خاس یعنی اسم معرفہ کہلاتا ہے اور جب کوئی خاص نام نہ ہو اور کسی مخصوص نام کی طرف اشارہ نہ کرے تو وہ اسم عام یعنی اسم نکرہ کہلاتا ہے۔<br>☆ معلّمہ اسم معرفہ اور اسم نکرہ پرچیوں پر لکھ کر طلبہ میں تقسیم کریں گی۔ بورڈ پر ایک چارٹ لگائیں گی جس پر دو کالم بنے ہوں گے اسم معرفہ اور اسم نکرہ۔طلبہ اپنی پرچی پر دیکھیں گے اگر اسم معرفہ ہوا تو اسم معرفہ والے کالم میں لگائیں گے اگر اسم نکرہ ہوا تو اسم نکرہ والے کالم میں لکھیں گے۔ | کسی بھی ۱۰ ممالک کے پرچموں کی تصاویر اپنی کاپی میں چسپاں کریں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵ | | ۱۱ | سرگرمی مشق ۷ | علامت تعجب کی پہچان<br><br>سرگرمی | طلبہ سے پوچھیں گی کہ جب ہم زبانی کوئی بات کرتے ہیں تو ہمارے لہجے اور انداز سے پتہ چلتا ہے کہ ہم خوش ہیں، دکھی ہیں یا خوفزدہ ہیں یا پھر حیران ہیں۔ لیکن جب ہم لکھی ہوئی کوئی تحریر پڑھتے ہیں تو کس طرح اندازہ لگاتے ہیں کہ جملے میں سوال پوچھا جا رہا ہے یا اس جملے میں خوشی کا اظہار ہو رہا ہے یا حیرانی کا اظہار ہو رہا ہے؟<br>اس کے بعد کتاب میں دی گئی ہدایات سمجھائیں اور مشق ۷ گھر سے کر کے لانے کو دیں<br><br>پاکستان کی قومی زبان، لباس، پھول، کھیل اور جانور کے بارے میں ایک معلوماتی چارٹ بنائیں اور تصاویر بھی چسپاں کریں۔<br>بچوں کو اس سرگرمی کے لیے کمپیوٹر پیپر فراہم کیا جائے | مشق ۷ کر کے لائیں |
| ۶ | | ۹<br>۹۹ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | مشق ا کے جوابات یاد کر کے آئیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### چھٹا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۵ | ۱۲۔۱۳ | جگنو ستارہ ارفع کریم<br><br>بلند خوانی | ارفع کریم کی ذہانت اور کارناموں کے حوالے سے آگاہی | استاد ایک پیشکش طلبہ کو دکھائیں گی۔(یہ پیشکش وہ پہلے سے تیار کریں گی انٹرنیٹ کی مدد سے۔)اس پیشکش میں پاکستان کی ان خواتین کی تصاویر اور ان کے بارے میں تھوڑی سی معلومات ہوں گی جنہوں نے پاکستان کا نام پوری دنیا میں روشن کیا اور جن پر پاکستان فخر کرتا ہے۔مثلاً مریم مختیار جو پہلی پاکستانی خاتون پائلٹ تھیں۔۔منہال سہیل جو اولمپکس میں پاکستان کی پہلی شوٹر ہیں۔ثمینہ بیگ جنہوں نے ماؤنٹ ایورسٹ پر پاکستان کا جھنڈا لگایا۔اس کے بعد طلبہ کو ارفع کریم کی تصویر دکھائی جائے اور پوچھا جائے کہ وہ ان کو جانتے ہیں۔اس کے بعد موضوع کی طرف آئیں۔<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | ارفع کریم کے بارے میں والدین کی راہنمائی میں نیٹ کی مدد سے کچھ اور معلومات اکھٹی کریں جو کتاب کے علاوہ ہوں،۔ان کو ایک پرچہ پر لکھیں اور تصویر بھی چسپاں کریں |
| ۲ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۳ | | ۱۳ | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات<br>خالی جگہ بھرنا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>کتاب کی مدد سے دی گئی خالی جگہ پر کریں | مشق ۳۔۴ گھر سے کر کے لائیں |
| ۴ | | ۱۴ | مشق ۵ | سوالیہ اور انکاریہ جملے کی پہچان | دی گئی ہدایات بچوں کو سمجھائیں اور مشق کروائیں | مشق ۶ گھر سے کر کے لائیں |
| ۵ | | ۱۵ | مشق ۷<br><br>سرگرمی | حرف عطف کی پہچان<br><br>کمپیوٹر کے خاص حصوں کے نام یاد کرنا | تختہ سیاہ پر چھوٹی سی عبارت لکھیں گی جو حروف عطف کے بغیر ہوگی جیسے:۱۔میں میری بلی۔ ۲۔بادل گرجے بارش ہوئی بچے خود بتائیں گیکہ کیا کمی ہے۔اس کے بعد کتاب میں دی گئی ہدایات سمجھائیں اور دی گئی مشق کروائیں<br>طلبہ کو گروپ میں تقسیم کیا جائے گا۔ہر گروپ سوچ کر کمپیوٹر کے خاص خاص پرزوں کے نام لکھے گا۔چند منٹ بعد ہر گروپ سے ایک بچہ اپنے لکھے ہوئے پرزوں کے نام جماعت کے سامنے پیش کرے گا۔ | |
| ۶ | | ۳<br>۱۹۹ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | خالی جگہ اور سوالات یاد کر کے آئیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیارِاول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### ساتواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۶ | ۱۶ | گفتگو | گفتگو کے آداب جاننا<br>نظم کی تشریح | سب سے پہلے طلبہ کو چند لوگوں کی گفتگو سنوائی جائے جس میں مختلف انداز گفتگو ہو مثلاً کوئی شائستہ انداز میں ہو، کوئی غصے اور بد تمیزی والے انداز میں ہو، کوئی طنزیہ لہجے میں ہو اور کوئی چیخنے کے انداز میں ہو۔ طلبہ کو غور سے سننے کے لیے کہا جائے گا۔ پھر ان کی رائے لی جائے کہ کس کی بات ان کو اچھی لگی اس کے بعد موضوع کی طرف آئیں<br>استاد نظم کے ایک ایک شعر کو با آواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | نیٹ کی مدد سے حفیظ جالندھری کی کوئی اور بچوں کی نظم تلاش کر کے لکھ کر لائیں۔ والدین یا استاد کی راہنمائی ضروری ہے |
| ۲ | | | | نظم کو زبانی یاد کروانا | استاد بچوں سے نظم کی بلند خوانی کروائے تاکہ نظم ان کو زبانی یاد ہو جائے۔ درست تلفظ، تاثرات اور جذبے کے ساتھ نظم پڑھیے | |
| ۳ | | ۱۷ | مشق ۱۔ ۲۔۳ | گفتگو کے فائدے اور نقصانات<br>ہم آواز الفاظ | اچھی اور بری گفتگو کے فائدے اور نقصانات لکھوائیں<br>ایک جیسی آواز والے الفاظ نظم میں سے تلاش کر کے لکھیے | مشق ۴۔۵ گھر سے کر کے لائیں |
| ۴ | | | سرگرمی | آداب گفتگو پر نوٹ لکھنا | گروپ میں طلبہ کو تقسیم کیا جائے گا اور کسی بھی ایک چھوٹے کمپیوٹر پیپر پر ایک سوال کروایا جائے گا۔<br>سوال: نظم کو پڑھ کر آپ نے گفتگو کے جو آداب سیکھے ہیں وہ لکھیے: عنوان "آداب گفتگو"۔<br>ہر گروپ سے ایک بچہ ان آداب کو پڑھے گا اور اس کے بعد انھیں سوفٹ بورڈ پر لگایا جائے گا۔ | ا ایک اچھے اور خوش مزاج انسان کی پانچ خوبیاں بیان کیجئے: |
| ۵ | | ۱۷<br>۹۹ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | نظم کو زبانی یاد کریں |
| ۶ | ۷ | ۸۸۔۸۹ | بادشاہی مسجد | بادشاہی مسجد کی تاریخی اہمیت اور خصوصیت<br>بلند خوانی | بچوں کو پاکستان کی تاریخی عمارات کی ایک وڈیو دکھائی جائے جس میں بادشاہی مسجد بھی ہو۔ اس کے بعد پوچھا جائے کہ آپ میں سے کس کس نے اس مسجد کو دیکھا ہے اور اس کی کیا بات آپ کو بہت خاص لگی۔<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### آٹھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | ۷ | ۸۸-۸۹ | بادشاہی مسجد | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | پاکستان کی چند تاریخی عمارات کی تصاویر چسپاں کر کے ایک چارٹ بنائیں۔عمارات کے نام بھی لکھیں اور کہاں واقع ہے |
| ۴ | | ۸۹-۹۰ | مشق ۱-۳ | سوالات کے جوابات<br>فعل اور فاعل کا صحیح استعمال | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دی گئی ہدایات سمجھائیں۔کتاب کے علاوہ مزید مثالیں دیں اور مشق کروائیں | مشق ۲ گھر سے کر کے لائیں |
| ۵ | | ۹۰ | مشق ۴<br>سرگرمی | الفاظ کی چھوٹی بڑی آوازوں کو پہچاننا<br>پیراگراف لکھنا | دی گئی ہدایات سمجھائیں۔کتاب کے علاوہ مزید مثالیں دیں اور مشق کروائیں<br>اپنی پسند کی کسی تاریخی عمارت پر ایک پیراگراف تحریر کیجئے:تصویر بھی لگائیے:<br>اس سرگرمی کے لیے بچوں کو کمپیوٹر پیپر دیا جا سکتا ہے اور عمارت کی تصویر لانے کے لیے ایک دن پہلے کلاس میں ہدایت دی جا سکتی ہے۔ | سوالات کے جواب لکھیے:<br>۱۔بادشاہی مسجد کی ایک خصوصیت بتائیے۔<br>۲۔اس مسجد کے ہر حصے کو دیکھ کر کیا اندازہ ہوتا ہے؟<br>۳۔اس مسجد کا گنبد کس سے بنا ہے؟ |
| ۶ | | ۸۹<br>۱۰۱ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنی پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاءپردازی | | انشاءپردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

## معیار اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### نواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۸ | ۲۱_۲۲ | اسکول کا پہلا دن | ظاہری نمود و نمائش سے سے اجتناب برتیں<br>بلند خوانی | طلبہ سے کہیں گی کہ وہ اپنے جوڑی دار کو اپنا تجربہ بیان کریں جب وہ پہلے دن اسکول میں آئے تھے تو ان کو کیسا لگا تھا یا کسی کے ساتھ کوئی ایسا واقعہ پیش آیا جو اس کو آج تک یاد ہے تو وہ بتائیں۔ پھر طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم ایک مشہور مصنف کا لکھا ہوا مضمون پڑھیں گے جس میں انہوں نے بتایا ہے کہ جب ان کا اسکول میں پہلا دن تھا تو ان کے ساتھ کیا ہوا۔ ان مصنف کا نام ہے "فیض احمد فیض"۔ ہو سکے تو مصنف کی تصویر دکھائیں<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | آپ کو اپنے اسکول کی کیا کیا باتیں اچھی لگتی ہیں؟<br>۶ لائنیں لکھ کر لائیں۔ |
| ۲ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۳ | | ۲۳ | مشق ۱_۲ | سوالات کے جوابات<br>خالی جگہ بھرنا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں | مشق ۳،۴ گھر سے کر کے لائیں |
| ۴ | | ۲۴ | مشق ۵ | فعل، فاعل، مفعول کی پہچان | کتاب میں دی گئی ہدایات سمجھائیں اور دی گئی مشق کروائیں | سوال جواب یاد کریں |
| ۵ | | | سرگرمی | ایک نئی سواری کا تجربہ | بچوں کو فٹن کی سواری کروائی جائے اور پوچھا جائے آپ کو اس میں بیٹھ کر کیسا لگا؟ اور دوسری سواریوں سے یہ کس طرح مختلف لگی۔ | سوالات کے جوابات دیں؟<br>۱۔ا۔فٹن کیا ہوتی ہے؟<br>۲۔فیض کتنے سال کی عمر میں اسکول گئے؟ |
| | | ۲۲<br>۹۹ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

## معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### دسواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۹ | ۲۵۔۲۶ | اسلامی تہوار | اسلامی تہواروں کی اہمیت سے آگاہی<br>بلندخوانی | طلبہ سے پوچھیں کہ رمضان کے بعد سب مسلمان کون سا خوشی کا دن مناتے ہیں؟ بچے جواب دیں گے اس کے بعد ان سے پوچھیں کہ اس کے علاوہ کون سی عید مناتے ہیں؟ دونوں عیدوں میں کیا فرق ہے؟ وغیرہ وغیرہ۔اس کے بعد موضوع کی طرف آئیں۔استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | پچھلی عید کا احوال لکھیں: عیدالفطر میں کس رنگ کا جوڑا پہنا تھا؟ کتنی کیا کیا کھایا تھا؟ عید الاضحیٰ میں کس جانور کی قربانی ہوئی تھی؟ |
| ۲ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلندخوانی کروائی جائے گی۔اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلندخوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۳ | | ۲۷ | مشق ۱۔۳ | سوالات کے جوابات<br>جملے بنانا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دیئے گئے الفاظ کو جملوں استعمال کریں | مشق ۲ گھر سے کر کے لائیں |
| ۴ | | | مشق ۴ | مفرد اور مرکب جملے کی پہچان | طلبہ کو پہلے فلیش کارڈ تقسیم کریں جن پر ایک ایک جملہ درج ہوگا۔طلبہ کو بتایا جائے گا کہ آپ سب کے پاس جو جملہ لکھا ہوا ہے اس کو مفرد جملہ کہتے ہیں۔اب ایک بچے سے کارڈ پر لکھا ہوا جملہ پڑھوایا جائے گا۔پھر جماعت میں پوچھا جائے گا کہ کیا کسی کے پاس ایسا جملہ ہے جو اس جملے کے ساتھ ملایا جائے یعنی ایک کی جگہ دو جملے ملا کر بولے جائیں۔جس کے پاس اس پہلے جملے سے مطابقت رکھتا جملہ ہو تو طلبہ سے کہا جائے گا کہ ان دو جملوں کو ملائیے۔طلبہ ملائیں گیا ستادراہنمائی کریں گے اور لفظ بھی بتائیں گی۔اسطرح طلبہ کو بتایا جائے گا کہ مرکب جملے کسے کہتے ہیں۔اور جب دو جملوں کو ملایا جاتا ہے تو درمیان میں الفاظ لگاتے ہیں۔مثالیں دی جائیں گی۔ | سوال جواب یاد کریں |
| ۵ | | ۲۷ | مشق ۵ | واحد کی جمع بنانا | دی گئی ہدایات سمجھائیں اور مشق کروائیں | |
| ۶ | | ۲۶<br>۹۹ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاءپردازی | | انشاءپردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## گیارہواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۰ | ۲۹۔۳۰ | کمپیوٹر کا تعارف | کمپیوٹر کی تاریخ، اقسام، فائدے اور نقصانات سے آگاہی حاصل<br>بلند خوانی | اگر ہو سکے تو اس سبق کو کمپیوٹر لیب میں پڑھایا جائے۔طلبہ کو کمپیوٹر پر کم دورانیے کی کوئی معلوماتی وڈیو دکھائی جائے۔ پھر ان سے پوچھا جائے آپ یہ وڈیو کس پر دیکھ رہے تھے۔طلبہ جواب دیں گے۔اس کے بعد پوچھا جائے کہ آپ کو کمپیوٹر کے بارے میں کیا کیا پتا ہے۔طلبہ کے جوابات سنیں اور پھر موضوع کی طرف آئیں<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | کمپیوٹر پر ایک پیراگراف لکھ کر لائیے اور تصاویر بھی چسپاں کیجیے۔ |
| ۲ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۳ | | ۳۱ | مشق ۱۔۳ | سوالات کے جوابات<br>خالی جگہ بھرنا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>سبق کی مدد سے خالی جگہ بھریں | مشق ۲ گھر سے کر کے لائیں |
| ۴ | | ۳۲ | مشق ۴ | مترادف جملے کی پہچان سرگرمی | استاد مترادف جملے کی تعریف بتائیں گے اور سمجھائیں گے۔اس کے بعد طلبہ کو لوپ کارڈ کی سرگرمی کروائی جا سکتی ہے۔اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہر بچے کو ایک ایک لوپ کارڈ دیا جائے گا۔ ہر لوپ کارڈ میں ایک لفظ ہوگا اور ایک مترادف ۔یعنی ایک بچہ کھڑا ہو کر اپنا لفظ بتائے گا اور اس کا مترادف جس کے پاس ہوگا وہ کھڑا ہو کر اس کا جواب دے گا اور ساتھ ہی اپنا لفظ بتائے گا یعنی اس طرح ایک چین بن جائے گی اور پوری جماعت شامل رہے گی۔ | کتاب میں دیے گئے مترادف الفاظ کے علاوہ پانچ نئے مترادف الفاظ یاد کریں |
| ۵ | | | سرگرمی | مباحثہ کرنا | جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کیا جائے اور ایک مباحثہ کروایا جائے ایک گروہ کمپیوٹر کے فوائد اور دوسرا نقصانات بتائے | سوالات کے جوابات یاد کر کے آئیں |
| ۶ | | ۳۰<br>۱۰۰ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### بارھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | ۱۱ | ۳۳ | میں گر پرندہ ہوتا | آزادی کی اہمیت سے آگاہی<br>نظم کی تشریح | طلبہ سے پوچھا جائے کہ کس کے گھر میں پرندے پالے ہوئے ہیں؟ کون سا پرندہ آپ کو پسند ہے؟ آپ ان کا خیال کس طرح رکھتے ہیں؟ طلبہ کی رائے لیتے ہوئے ان سے مزید پوچھا جائے گا کہ آزادی کیا ہے اور غلامی یا قید کسے کہتے ہیں؟ اگر آپ کو ایک جگہ قید کر دیا جائے تو آپ کو کیسا لگے گا؟<br>استاد نظم کے ایک ایک شعر کو با آواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | علامہ اقبال نے بھی ایک نظم اس موضوع پر لکھی ہے والدین کی مدد سے اس کا نام جاننے اور اس کا کوئی ایک بند یاد کیجیے |
| ۴ | | ۳۴ | مشق ۱ | نظم کو زبانی یاد کروانا<br>سوالات کے جوابات | استاد بچوں سے نظم کی بلند خوانی کروائے تاکہ نظم ان کو زبانی یاد ہو جائے۔ درست تلفظ، تاثرات اور جذبے کے ساتھ نظم پڑھیے<br>استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲ گھر سے کر کے آئیں |
| ۵ | | | مشق ۳۔۵ | ہم آواز الفاظ<br>بند کی تشریح | دیے گئے الفاظ کے ہم آواز الفاظ نظم سے تلاش کر کے لکھیے۔<br>نظم کے پہلے بند کی تشریح اپنے الفاظ میں کیجیے | مشق ۴ گھر سے کر کے آئیں |
| ۶ | | ۳۴<br>۱۰۰ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنی پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### تیرھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۲ | ۳۵۔۳۶ | ایفائے عہد | وعدہ نبھانے کی تاکید<br>بلند خوانی | طلبہ سے چند سوالات کریں گی مثلاً کیا آپ نے کبھی کسی سے کوئی وعدہ کیا ہے؟ کیا اسے پورا کیا ہے؟ کبھی آپ سے کوئی وعدہ کرے اور اسے پورا نہ کرے تو آپ کے کیا تاثرات ہوتے ہیں؟ اور آپ کی نظر میں اس کی کیا اہمیت ہوتی ہے؟ طلبہ اپنی رائے دیں گے اس کے بعد معلّمہ موضوع کی طرف آئیں<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | بچوں کی کسی اسلامی کتاب سے وعدہ پورا کرنے کوئی اور واقعہ لکھ کر یا یاد کر کے آئیں |
| ۲ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔<br>طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۳ | | ۳۷ | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات<br>خالی جگہ بھرنا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ بھریں | مشق ۳ گھر سے کر کے لائیں |
| ۴ | | ۳۹ | مشق ۴ | مذکر مونث کی یاد دہانی | کتاب میں درج تفصیل طلبہ کو سمجھائیں۔ اس کے علاوہ مزید سمجھانے اور مشق کروانے کے لیے لوپ کارڈ کی سرگرمی کروائیں۔ لوپ کارڈ بنانے کا طریقہ پچھلے اسباق میں بتایا جا چکا ہے۔ | |
| ۵ | | | سرگرمی | عہد نامہ | طلبہ کو گروپ میں تقسیم کیا جائے گا اور ایک عہد نامہ تیار کروایا جائے گا۔ یہ عہد نامہ طلبہ اور استاد کے درمیان ہو گا۔ اس عہد نامے میں طلبہ اپنے استاد سے کچھ عہد کریں گے جس کی پاسداری ان پر لازم ہو گی۔ یہ عہد نامے جماعت مین سوفٹ بورڈز پر چسپاں کیے جائیں گے تا کہ طلبہ اپنے کئے ہوئے عہد کو ہر وقت یاد رکھیں۔ استاد کی معاونت شامل رہے گی۔ ہر گروپ اپنے ممبران کے نام بھی لکھے گا۔ ہر گروپ آپس میں تبادلہ خیال اور مشاورت سے یہ عہد نامہ تیار کرے گا۔ | اسکول سے گھر جاتے ہوئے آپ کو راستے میں جو چیزیں نظر آئیں ان کی لسٹ بنایئے اور دیکھیے کہ ان میں سے کون مذکر ہیں اور کون مونث |
| ۶ | | ۳۷<br>۱۰۰ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | سوال جواب یاد کریں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

چودھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۳ | ۴۰۔۴۱ | ایم ایم عالم | ایم ایم عالم کے کارناموں سے آگاہی<br>بلند خوانی | ایک پیشکش تیار کریں انٹرنیٹ کی مدد لے کر جس میں ایسے اشخاص (مرد حضرات) کے بارے میں جنہوں نے ملک کے لیے کوئی نہ کوئی کارنامہ انجام دیا ہو۔ یہ پیشکش ملٹی میڈیا پر بھی دکھائی جاسکتی ہے تاکہ طلبہ کو اندازہ ہو کہ پاکستان کا نام بلند کرنے میں کن لوگوں نے حصہ لیا ہے۔ (اگر پیشکش نہ دکھا سکیں تو زبانی چند لوگوں کے نام اور ان کے کارناموں کا ذکر کریں)<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | پاکستان کی تین افواج کے نام لکھیں۔ آپ کو ان میں سے کون سب سے زیادہ پسند ہے اور کیوں؟ تینوں افواج کے دو دو مشہور فوجیوں کے نام اور وجہ شہرت بتائیں۔ |
| ۲ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | ایم ایم عالم کی تصویر اپنی کاپی میں چسپاں کریں |
| ۳ | | ۴۱ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲ گھر سے کر کے لائیں |
| ۴ | | ۴۲ | مشق ۳۔۴ | ہم معنی اور ہم آواز الفاظ | دیے گئے الفاظ کے ہم معنی اور ایک جیسی آواز والے الفاظ لکھیے | مشق ۵ گھر سے کر کے لائیں |
| ۵ | | ۴۳ | مشق ۶ | علامت فاعل اور مفعول کی پہچان | طلبہ کو فعل، فاعل اور مفعول کے بارے میں پچھلے اسباق میں سمجھایا جا چکا ہے۔ اس کی دہرائی کے لیے سابقہ معلومات کی جانچ کی جائے گی اس کے بعد ان کو جملے میں فعل، فاعل اور مفعول کے بارے میں سمجھاتے ہوئے ان علامات کے بارے میں بتایا جائے گا کہ کون سی علامت یا حرف فاعل کے ساتھ آتا ہے اور کون سی علامت یا حرف مفعول کے ساتھ آتا ہے۔ طلبہ سے مثالیں پوچھی جائیں گی اور دو دو جملے بنوائے جائیں گے۔ | |
| ۶ | | ۴۱<br>۱۰۰ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاد اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پندرہواں، سولہواں ہفتہ

| عنوانات | مقاصد تدریس | طریقہ تدریس |
|---|---|---|
| اعادہ | امتحان کی تیاری | ورک شیٹس بنا کر اعادہ کروائیں |

## معیاددوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پہلا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۴ | ۴۴۔۴۶ | پرندے ہمارے دوست | پاکستان میں پائے جانے والے مختلف پرندوں اوران کی اقسام کے بارے میں معلومات حاصل کرنا<br>بلندخوانی | طلبہ سے پوچھیں کہ پرندوں اور جانوروں میں کیا فرق ہوتا ہے؟ دوکالم بنا کر طلبہ کے بتائے ہوئے نکات تحریر کریں گی۔اس کے بعد طلبہ سے پوچھا جائے گا کہ آپ کو پرندے کیسے لگتے ہیں؟ کون سا پرندہ سب سے اچھا لگتا ہےاورکس پرندے سے خوف آتا ہے؟ کیا کسی نے اپنے گھر میں پرندے پالے ہوئے ہیں؟ وغیرہ<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | پاکستان مییں پائے جانے والے پرندوں کی تصاویر چسپاں کرکے ایک چارٹ بنائیے |
| ۲ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلندخوانی کروائی جائے گی۔اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہوتو استاد رہنمائی کریں گے ۔طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلندخوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۳ | | ۴۶۔۴۷ | مشق ۱۔۳ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کرکے تحریر کریں | مشق ۲ گھر سے کرکے لائیں |
| ۴ | | ۴۷۔۴۸ | مشق ۴۔۵ | قواعد<br>فعل اور فاعل کی یاددہانی | دی گئی قواعد مثالوں سے سمجھائیں اور مشق ۴ کروائیں<br>طلبہ فعل، فاعل اور مفعول کے بارے میں تفصیلی پڑھ چکے ہیں لہٰذا کتاب میں دی گئی ہدایات سمجھائیں۔طلبہ کو گروپ میں مختلف جملے دیئے جاسکتے ہیں جن میں غلط ''فعل'' لکھا ہو طلبہ اسے صحیح کریں۔یعنی فاعل کو دیکھ کر فعل صحیح کریں۔مشق ۶ کروائیں | سوال کے جواب لکھیں:<br>۱۔ ہماری فضاؤں میں چہل پہل کس سے ہے؟<br>۲۔دنیا بھر میں پرندوں کی کتنی اقسام ہیں؟ |
| ۵ | | ۴۸ | مشق ۶<br>سرگرمی | ہندسوں میں گنتی لکھنا<br>دنیا میں پائے جانے والے پرندوں کے بارے میں جاننا | الفاظ میں دی گئی گنتی کو ہندسوں میں لکھیں۔<br>پرندوں کے حوالے سے ایک ڈاکومنٹری دکھائی جائے گی جس میں پرندوں کی زندگی، ان کی نسل اوران کی بودو باش کے حوالے سے معلومات فراہم کی گئی ہوں۔یہ ڈاکومنٹری دس یا پندرہ منٹ کی ہونی چاہیے۔انٹرنیٹ سے مدد لی جائے۔نیشنل جیوگرافک چینل سے مدد لی جاسکتی ہے۔کوئی چھوٹی سی فلم ہو جو معلوماتی ہو۔ | آپ نے ڈاکومنٹری میں جن پرندوں کے بارے میں جانا ان میں سے کچھ کے نام لکھ کر لائیں |
| ۶ | | ۴۶<br>۱۰۰ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کرواکر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنی پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاردوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### دوسرا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۵ | ۳ | نعت | رسول ﷺ کی دی ہوئی تعلیمات سے واقفیت حاصل<br>نعت کی تشریح | کلاس میں کسی مشہور نعت کی آڈیو سنائی جائے یا بچوں سے نعت سنی جائے۔اس کے بعد طلبہ سے چند سوالات کیے جائیں گے اور موضوع کے حوالے سے ان کی سابقہ معلومات جانچی جائیں گی۔مثلاً ا۔ہمارے پیارے نبیؐ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ ۲۔ہمارے پیارے نبیؐ کی چند صفات بتایئے: ۳۔ہمارے پیارے نبیؐ نے ہمیں کیا سکھایا ہے یا کیا تعلیم دی؟ وغیرہ<br>استاد نعت کے ایک ایک شعر کو با آواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | حضور اکرم ﷺ دس صفاتی نام یاد کر کے آئیں |
| ۲ | | | | نعت کو زبانی یاد کروانا | استاد بچوں سے نعت کی بلند خوانی کروائے تا کہ نعت ان کو زبانی یاد ہو جائے۔درست تلفظ، تاثرات اور جذبے کے ساتھ نعت پڑھیے | |
| ۳ | | ۴ | مشق ۱۔۲ | مصرعے مکمل کروانا<br>ہم آواز الفاظ لکھنا | دیئے گئے مصرعوں کو مکمل کریں<br>دیے گئے لفظ کے ہم آواز الفاظ لکھیے | مشق ۳ گھر سے کر کے لائیں |
| ۴ | | | سرگرمی | حضور اکرمؐ کی تعلیمات کی یاد دہانی | طلبہ کو گروپ میں تقسیم کیا جائے گا اور ایک سوال دیا جائے گا۔سوال نعت کو پڑھیے اور بتایئے کہ آپؐ نے ہمیں کیا تعلیمات دی ہیں ؟ کوئی دو تعلیمات بتایئے<br>طلبہ آپس میں تبادلہ خیال کریں گے اور دس منٹ بعد ہر گروپ سے ایک بچہ اپنی پیشکش کو جماعت کے سامنے پیش کرے گا۔ | نعت کو زبانی یاد کریں |
| ۵ | | ۴ | مشق ۴۔۵ | تشریح کرنا<br>شعر یاد کرنا | دیے گئے شعر کی تشریح کیجیے<br>کسی دوسری نعت کے دو شعر یاد کیجیے | سوال جواب یاد کریں |
| ۶ | | ۴<br>۹۹ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاءپردازی | | انشاءپردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاددوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### تیسرا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۶ | ۵۲ | حضرت علیؓ | حضرت علیؓ کی شخصیت کے اہم پہلوؤں سے آگاہی حاصل<br>بلندخوانی | طلبہ سے چندسوالات کیے جائیں گے مثلاً حکمران کون ہوتا ہے؟ایک اچھے حکمران کی کیا کیا نشانیاں ہوتی ہیں؟(طلبہ کوساتھ ہی بتایا جائے گا کہ ایک اچھا حکمران وہ ہوتا ہے جواپنی رعایا کا خیال رکھے اور معاشرے میں عدل وانصاف قائم کرے اوراس کے دورحکومت میں لوگ خوش وخرم زندگی گزاریں)طلبہ سے پوچھا جائے گا کہ خلیفہ کون ہوتا ہے؟ پھر چاروں خلفاء کے نام بتائیں اورموضوع کی طرف آئیں۔<br>استاد با آواز بلندسبق کو پڑھے اورسبق کا مقصد سمجھائے | چاروں خلفاء کے نام لکھ کر لائیں |
| ۲ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلندخوانی کروائی جائے گی۔اگرطلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہوتو استادرہنمائی کریں گے۔طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلندخوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۳ | | ۵۳ | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات اور اعراب لگانا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں۔دیے گئے الفاظ پر اعراب لگائیں | مشق ۳۔۴ کر کے لائیں |
| ۴ | | ۵۴ | مشق ۵ | الٹ الفاظ کی یاددہانی سرگرمی | تصاویر کے ذریعے طلبہ کوموضوع کی طرف لایا جاسکتا ہے مثلاً لمبا۔چھوٹا، کالا۔گورا، موٹا۔پتلا اسی طرح طلبہ کوموضوع کی طرف لاتے ہوئے بتایا جائے گا کہ یہ الفاظ ضد ہوتے ہیں: لوپ کورڈ کی سرگرمی کروائی جاسکتی ہیلوپ کارڈ بنانے کا طریقہ پچھلے اسباق میں درج ہے۔ | خالی جگہ یاد کر کے آئیں |
| ۵ | | | سرگرمی | | چار مختلف چارٹ پر خلفائے راشدین کے بارے میں مختصراً پیراگراف لکھا جائے گا اور جماعت کے چاروں کونوں پر چسپاں کیا جائے گا طلبہ کوگروپ میں تقسیم کیا جائے گا اور ہرگروپ سے کہا جائے گا کہ وہ باری باری تمام چارٹ پیپرز پر لکھی گئی معلومات پڑھیں اوراہم نکات ذہن نشین کریں۔ہرگروپ کو بتایا جائے گا کہ انہیں ۳ منٹ دیئے جائیں گے۔ | سوالات کے جوابات یاد کر کے آئیں |
| ۶ | | ۵۳<br>۱۰۰ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کران کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاددوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### چوتھا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | ۱۷ | ۵۵-۵۶ | کاغذ کی کہانی | کاغذ کی ایجاد کے حوالے سے معلومات حاصل کرنا<br>بلندخوانی | طلبہ سے پوچھیں کہ تعلیمی اداروں میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والی چیز کون سی ہے؟ آپ بھی اس چیز کو روزاستعمال کرتے ہیں اور وہ آپ کے بیگ میں بھی ہے۔اسی طرح سے چند اور سوالات کریں تا کہ بچے اس کا جواب دیں۔پھر بچوں سے پوچھیں کیا آپ کو پتا ہے کہ کاغذ کیسے بنتا ہے۔(اگر ہو سکے تو استاد اپنے ساتھ ایک چھوٹا لکڑی کا ٹکڑا لے کر آئیں) اور اس کو دکھا کر بتائیں کہ کاغذ لکڑی سے بنتا ہے۔اس کے بعد پروجیکٹر یا کمپیوٹر پر بچوں کو وڈیو کے ذریعے کاغذ کی تیاری دکھائی جائے۔<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | کتاب میں بتائی گئی جگہوں کے علاوہ جہاں جہاں کاغذ استعمال ہوتا ہو کسی بھی شکل میں ان کی لسٹ بنا کر لائیں۔جو بچہ جتنے زیادہ نام لکھے گا وہ اتنا ہی ذہین ہو گا۔ |
| ۴ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلندخوانی کروائی جائے گی۔اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلندخوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۵ | | ۵۷ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں۔ | مشق ۲ کر کے لائیں |
| ۶ | | ۵۷-۵۸ | مشق ۳-۴ | جملے مکمل کرنا<br>لفظوں کو ترتیب سے لکھنا | دیے گئے جملوں کو مکمل کیجیے<br>دیے گئے الفاظ کو حرف تہجی کی ترتیب سے لکھیں | آپ کے خیال میں اگر کاغذ نہ ہوتا تو کیا ہوتا؟ اپنی رائے کا اظہار کیجیے |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

**معیاد دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)**

**پانچواں ہفتہ**

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۷ | | سرگرمی | سبق کی یاددہانی | طلبہ کو گروپ میں تقسیم کیا جائے گا اور ہر گروپ کو ایک ایک کمپیوٹر پیپر دیا جائے گا۔ طلبہ سے کہا جائے گا کہ وہ کاغذ کی آپ بیتی لکھیں یعنی "میں ایک کاغذ ہوں" کے عنوان سے آپ بیتی لکھیں استاد طلبہ کی رہنمائی کریں گی اور انہیں بتائیں گی کہ طلبہ اپنے آپ کو کاغذ کی جگہ رکھ کر سوچیں گے مثلاً کاغذ کیسے بنتا ہے؟ کن مرحلوں سے گزرتا ہے؟ ہر گروپ کی آپ بیتی پڑھ کر سنائی جائے اور سوفٹ بورڈ پر چسپاں کی جائے | چند چیزوں کے نام بتائیے جن میں تبدیلیاں کی گئیں اور وہ آج کی موجودہ شکل جیسی نہیں تھیں؟ |
| ۲ | | ۵۸ | مشق ۵ | اسم اور فعل کا تعلق | سب سے پہلے طلبہ کو گروپ میں ایک ایسی چھوٹی سی عبارت دی جائے جو حروف جار کے بغیر ہوگی اور طلبہ سے پوچھا جائے کہ اس میں کیا کمی ہے؟۔ جب طلبہ بتائیں گے کہ تو ان سے کہا جائے گا کہ اس میں مناسب حروف کا استعمال کیجئے۔ جو ایک گروپ کا کام دوسرے گروپ کو دیا جائے گا۔ صحیح جوابات استاد بتائیں گے۔ ہر گروپ دوسرے گروپ کا کام چیک کرے گا۔ اس کے بعد کتاب میں دی ہوئی ہدایات سمجھائیں کہ حرف جار کیا ہوتے ہیں اور مشق کروائیں۔ طلبہ سے بھی نئے جملے بنوائیں۔ | مشق ۶ کر کے لائیں |
| ۳ | | ۵۶<br>۱۰۰ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں۔<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۴ | ۱۸ | ۵۹-۶۰ | مارخور | قومی جانور مارخور کے بارے میں جاننا<br>بلند خوانی | طلبہ سے پوچھیں کہ پاکستان کا قومی جانور کون سا ہے پھر ان کو مارخور کی تصویر دکھائیں اور پوچھیں کیا آپ کو پتا ہے یہ کہاں پایا جاتا ہے۔ کیا کھاتا ہے، کیسے رہتا ہے وغیرہ۔ پھر طلبہ کو مارخور پر ڈاکومنٹری دکھائی جائے۔<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے۔ | مارخور اور ایک عام بکرے میں آپ نے کیا فرق دیکھا؟ کوئی تین فرق لکھیں۔ |
| ۵ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ طلبہ سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۶ | | ۶۰-۶۱ | مشق ۱-۳ | سوالات کے جوابات<br>کالم ملانا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>سبق کی مدد سے کالم ملائیے | مشق ۲ گھر سے کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاد دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### چھٹا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۸ | ۶۲ | مشق ۴ | اسم جمع کی پہچان | کچھ جملے تختہ تحریر پر لکھیں گی اور طلبہ سے کہیں گی کہ ان جملوں کو پڑھ کر جواب بتایئے اور ایک لفظ میں اس کا جواب دیجئے ۱۔ لوگوں کی بھیڑ کو کیا کہتے ہیں (مجمع)؟ ۲۔ بہت سارے پرندوں کو کیا کہیں گے؟ (غول) ۳۔طلبہ کو بتائیں گی کہ بظاہر تو یہ ایک لفظ واحد ہے لیکن ہر لفظ بہت سی چیزوں کا مجموعہ ہے مثلاً جماعت طالب علموں کا مجموعہ ہے۔ایسا لفظ ''اسم جمع'' کہلاتا ہے۔ | گھر سے تین نئے اسم جمع لکھ کر لائیں۔گھر کے بڑوں سے مدد لیں۔ |
| ۲ | | | سرگرمی | سبق کی مزید یاددہانی | طلبہ کو گروپ میں ہی ایک کام دیا جائے گا وہ ایک پیشکش تیار کریں گے۔جس میں مارخور کی تصویر بنائیں گے اور اس کی اہم خصوصیات لکھیں گے۔یہ کام وہ ایک چارٹ پیپر پر کریں گے۔گروپ کا ہر بچہ اس میں حصہ لے گا کوئی تصویر بنائے گا۔کچھ بچے کتاب کی اہم معلومات اکٹھے کریں گے۔ایک بچہ ان معلومات کو لکھے گا اس پیشکش کو جماعت میں لگایا جائے گا۔ | پانچ جنگلی جانور تصویر اپنی کاپی میں لگایئے اور ہر ایک کے بارے میں دو دو جملے لکھیے۔ |
| ۳ | | | مشق ۵ | صفت کی پہچان | طلبہ سے اپنے بستے میں سے کوئی بھی ایک چیز نکالنے کے لیے کہا جائے گا۔اور طلبہ سے کہا جائے گا کہ وہ اس چیز کے بارے میں ایک یا دو جملوں میں بتائیں۔استاد ان جملوں کو تختہ سیاہ پر لکھیں اور صفت پر دائرہ بنا دیں۔کتاب میں دی گئی ہدایات کو مزید مثالیں دے کر سمجھائیں اور مشق کروائیں | |
| ۴ | | ۶۰<br>۶۱و۶۲ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| | ۱۹ | ۶۳۔۶۴ | نشان حیدر | پاکستان کے سب سے بڑے فوجی اعزاز کے بارے میں جاننا<br>بلند خوانی | طلبہ سے کہ پاکستان کی تین افواج کون سی ہیں؟ پھر بتائیں جس طرح جب ہم کوئی اچھا کام کرتے ہیں یا اچھا پڑھتے ہیں تو ہمیں انعام ملتا ہے اسی طرح جب بھی کوئی فوجی کوئی بہادری کا کام کرتا ہے جس سے پاکستان کی سربلندی کے لیے ہوی تو اسے بھی مختلف اعزازات سے نوازا جاتا ہے۔اس میں سب سے بڑا اعزاز نشان حیدر ہے۔(تصویر دکھائیں)<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے۔ | نشان حیدر کی تصویر چسپاں کیجیے اور اس کے بارے پانچ باتیں لکھیں جو آپ کو سبق میں سب سے اہم لگی ہوں |
| ۶ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔طلبہ سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیار دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### ساتواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۹ | ۶۵ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲۔۳ کر کے لائیں |
| ۲ | | ۶۵۔۶۶ | مشق ۴ | فعل کی پہچان<br>سرگرمی | کتاب میں دی گئی ہدایات سمجھائیں اور مندرجہ ذیل سرگرمی کروائیں اور پھر مشق کروائیں۔<br>طلبہ کو گروپ میں تقسیم کیا جائے گا اور چند تصاویر طلبہ کو دی جائیں گی جس میں کوئی کام کرتے ہوئے دکھایا گیا ہو۔ طلبہ اس تصویر کو دیکھ کر جملہ لکھیں گے اور اس جملے مین سے فعل کو خط کشید کریں گے۔ ایک گروپ کا کام دوسرا گروپ چیک کرے گا۔ | اپنی کاپی میں نشان حیدر حاصل کرنے والے شہداء کی تصاویر لگائیں۔ ان کو کس سن میں یہ اعزاز ملا یہ بھی لکھیں۔ |
| ۳ | | ۶۶ | مشق ۵ | 'کہ اور کے' کا فرق اور استعمال | سب سے پہلے دو جملوں کو تختۂ تحریر پر لکھا جائے ایک جملے میں ''کہ'' کا استعمال کیا ہو۔ ایک جملے میں ''کے'' کا استعمال ہو طلبہ سے جملوں کا فرق پوچھا جائے گا۔ اس کے بعد بتایا جائے گا کہ حرف ''کہ'' جب استعمال ہوتا ہے جب ایک جملہ دوسرے جملے سے مل رہا ہو یعنی دو جملوں کو ملاتے وقت کہ کا استعمال کرتے ہیں جبکہ حرف ''کے'' جب آتا ہے جب کسی چیز سے تعلق ظاہر کیا گیا ہو۔ | کتاب میں دیے گئے جملوں کے علاوہ تین تین جملے بنا کر لائیں جن میں 'کہ' اور 'کے' کا استعمال ہو۔ |
| ۴ | | ۶۴<br>۱۰۱ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | سوال جواب یاد کریں |
| ۵ | ۲۰ | ۶۷ | صبح کی آمد | صبح کی منظر سے آگاہی<br><br>نظم کی تشریح | استاد اپنے موبائل سے مرغے کی بانگ اور مختلف پرندوں کی آوازیں سنائیں اور پوچھیں کہ یہ سب پرندے کس وقت سب سے زیادہ کس وقت بولتے ہیں۔ پھر پوچھیں دن بھر میں آپ کو کون سا وقت اچھا لگتا ہے؟ پھر طلبہ کو صبح اٹھنے کے فوائد بتائیں۔ کہ صحت اچھی رہتی ہے اور صبح کا سہانا موسم طبیعت پر اچھا اثر ڈالتا ہے۔ ہم چاق و چوبند رہتے ہیں، وغیرہ<br>استاد نظم کے ایک ایک شعر کو با آواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | اپنی کاپی ہر صبح کا منظر بنایئے اور اس نظم کو جو بند سب سے اچھا لگا ہو وہ لکھیے۔ |
| ۶ | | | | نظم کو زبانی یاد کرنا | طلبہ کو نظم میں جتنے بند ہیں اتنے گروپ میں تقسیم کیا جائے گا اور ہر گروپ سے ایک ایک بند کی بلند خوانی کروائی جائے | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

معیاددوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

آٹھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | ۲۰ | ۶۸ | مشق ا۔۳ | سوالات کے جوابات<br>ہم آواز الفاظ لکھنا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دیے گئے الفاظ سے ملتے جلتے دو دو الفاظ لکھیے | مشق ۲، ۴ کر کے لائیں |
| ۴ | | ۶۸<br>۱۰۱ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | بچے صبح سویرے اٹھ کر باہر کا منظر دیکھیں اور جماعت میں استاد کے سامنے منظر کشی کریں |
| ۵ | ۲۱ | ۶۹۔۱۷ | شوگران | خیبر پختونخواہ میں واقع ایک حسین اور خوبصورت مقام کے بارے میں آگاہی<br>بلند خوانی | طلبہ سے کچھ سوالات کریں۔ کیا آپ نے کبھی کراچی سے باہر سفر کیا ہے؟ کس جگہ گئے؟ کون سی جگہیں دیکھیں؟ سب سے اچھی جگہ کون سی لگی؟ سفر کیسا رہا؟ سفر کے حوالے سے کوئی دلچسپ بات؟ اس کے بعد موضوع کی طرف آئیں۔ شوگران کے بارے میں یوٹیوب پر وڈیو بھی دکھائی جاسکتی ہے۔<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | نیٹ کی مدد سے شوگران کے بارے میں کتاب کے علاوہ کچھ نئی معلومات اکھٹی کریں اور کلاس میں بتائیں۔ |
| ۶ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاددوم (اسباق کی ہفتہ وارتقسیم)

### نواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲۱ | ۷۲ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲ گھر سے کر کے لائیں |
| ۲ | | ۷۲۔۷۴ | مشق ۳۔۴ | جملوں کی درستگی<br>حرف امالہ کی پہچان | غلط جملوں کو درست کر کے لکھیں<br>دی گئی قواعد سمجھائیں اور مشق کروائیں | سوالات کے جوابات یاد کر کے آئیں |
| ۳ | | ۷۴ | مشق ۵۔۶ | واوین کی پہچان اور استعمال<br>فعل جمع کی پہچان | طلبہ کو بتایا جائے گا کہ یہ علامت اس وقت لگاتے ہیں جب کسی کی کہی ہوئی بات کو بالکل اسی کے الفاظ میں بیان کیا جائے۔ طلبہ کو کتاب میں موجود تفصیل پڑھائی جائے گی اور مثالوں کے ذریعے سمجھایا جائے گا۔<br>طلبہ فاعل کے بارے میں پڑھ چکے ہیں۔ استاد کچھ الفاظ مثلاً دادا۔استاد۔نانی۔ ماموں لکھ دیں اور کہیں کہ ان کے جملے بنائیں۔ پھر انہیں سمجھایا جائے کہ یہ واحد ہوتے ہیں لیکن ہم ادب کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے فعل جمع لکھتے ہیں۔ | کتاب میں دی گئی سرگرمی گھر سے کر کے لائیں |
| ۴ | | ۷۱<br>۱۰۱ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۵ | ۲۲ | ۷۵۔۷۶ | ہمارے رہنما | دو عظیم رہنما لیاقت علی خان اور مولانا محمد علی جوہر کی شخصیت سے آگاہی<br>بلند خوانی | طلبہ سے پوچھیں گی کہ رہنما کیا ہوتا ہے؟ طلبہ کو بتائیں کہ جو ہمیں راستہ دکھائے پھر پوچھیں گی کہ بانی پاکستان اور ہمارے عظیم رہنما کون ہیں؟ طلبہ کو بتایا جائے گا کہ پاکستان بنانے میں قائد اعظم کے ساتھ بہت سے لوگوں نے حصہ لیا اور قائد اعظم کا بھر پور ساتھ دیا۔ طلبہ سے کچھ نام پوچھیں کچھ خود بتائیں اور موضوع کی طرف آئیں<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | لیاقت علی خان اور مولانا محمد علی جوہر کی تصاویر اپنی کاپی میں چسپاں کریں اور دونوں رہنماوں کا تاریخ پیدائش، جائے پیدائش اور تاریخ وفات لکھیں |
| ۶ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔<br>طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاد دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### دسواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲۲ | ۷۷ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۳،۲ کر کے لائیں |
| ۲ | | ۷۸ | مشق ۴ | متضاد اور مترادف الفاظ کا فرق | طلبہ متضاد اور مترادف الفاظ پڑھ چکے ہیں۔ مثالوں کے لیے کتاب سے پڑھوایا جائے۔ طلبہ سے بھی چند مثالیں پوچھی جائیں۔ جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کیا جائے ایک گروہ الفاظ کے مترادف بتائے اور دوسرا گروہ الفاظ کے متضاد بتائے۔ استاد زبانی پوچھیں۔ تختہ تحریر پر دو کالم بنالیں اور صحیح بتانے والے گروہ کو نمبر دیئے جائیں۔ آخر میں جیتنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائی جائیں۔ | سوال جواب یاد کریں |
| ۳ | | | سرگرمی | دونوں رہنماؤں | جماعت کو دو حصوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ ایک گروہ لیاقت علی خان کے حوالے میں سوالات تیار کرے اور دوسرا مولانا محمد علی جوہر کے حوالے سے۔ تقریباً پانچ یا چھ سوالات تیار کرنے کے لیے کہا جائے گا۔ گروہ نمبر ۱ کے سوالات گروہ نمبر ۲ کو دیئے جائیں گے اور گروہ نمبر ۲ کے سوالات گروہ نمبر ۱ کو دیئے جائیں گے پھر وہ ان کے جوابات لکھیں گے۔ | قائد اعظم کے ساتھی رہنماؤں کی تصاویر جمع کریں |
| ۴ | | ۷۶<br>۱۰۱ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنی پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۵ | ۲۳ | ۷۹،۷۷۔۸۰ | شور بہت ہے | شور کی آلودگی سے پیدا ہونے والے مسائل سے آگاہی<br><br>بلند خوانی | طلبہ سے پوچھیں گی کہ جب جماعت میں آپ لوگ شور مچاتے ہیں تو آپ کو کیسا لگتا ہے؟ کیا پریشانی اٹھانی پڑتی ہے؟ پھر پوچھیں گی کہ جب آپ کہیں جا رہے ہوں اور ٹریفک کا شور ہو یا گاڑیوں کا رش ہو اور بہت زیادہ ہارن کی آواز آ رہی ہو تو آپ کیا محسوس کرتے ہیں۔ کسی بڑے ڈیک پر زور زور سے گانے بج رہے ہوں تو آپ کو اچھا لگے گا یا برا؟ استاد طلبہ کے تمام نکات بورڈ پر لکھتے جائیں۔ پھر موضوع کی طرف آئیں<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | کوئی واقعہ سنائیں جب آپ کو یا آپ کے بہن بھائی کو شور مچانے پر سزا ملی ہو۔ |
| ۶ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ طلبہ سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

معیاد دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

گیارہواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲۳ | ۸۱ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | |
| ۲ | | | مشق ۲۔۳ | صحیح اور غلط جملے<br>جملے بنانا | دیے گئے جملوں پر صحیح اور غلط کے نشان لگائیے<br>دیئے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں | مشق ۴ کر کے لائیں |
| ۳ | | | سرگرمی | مختلف ماحولاتی آلودگیوں سے آگاہی | جماعت میں طلبہ کے تین گروپ بنائے جائیں ۔ ہر گروپ کو ایک ایک چارٹ پیپر دیا جائے۔ اور ایک ایک موضوع دیا جائے گا مثلاً گروپ نمبر ۱ کو "فضائی آلودگی"، گروپ نمبر ۲ کو "پانی کی آلودگی" اور گروپ نمبر ۳ کو "شور کی آلودگی" کے حوالے سے پیشکش تیار کرنے کے لیے کہا جائے گا۔ طلبہ گروپ میں یہ کام کریں اور دیئے گئے عنوان کے تحت معلومات (نکات) تحریر کریں گے اور تصاویر سے واضح کریں گے۔ جس کی پیشکش اچھی ہوگی اس کے لیے تالیاں بجوائی جائیں گی۔ یہ پیشکش سوفٹ بورڈ پر لگائی جائے گی۔ | آپ کے خیال میں شور کی آلودگی سے کس طرح بچا جا سکتا ہے؟ تین تجاویز دیجئے: |
| ۴ | | ۸۲ | مشق ۵۔۶ | جملے مکمل کرنا<br>فاعل کی یاد دہانی | صحیح الفاظ کا استعمال کر کے جملے مکمل کریں<br>دیے گئے جملوں سے فاعل تلاش کر کے لکھیں | سوالات کے جوابات یاد کر کے آئیں |
| ۵ | | ۸۱<br>۱۰۱ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنی پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۶ | ۲۴ | ۸۳ | ٹوٹ بٹوٹ نے کھیر پکائی | ایک تخیلاتی اور تصوراتی کردار ٹوٹ بٹوٹ سے واقفیت<br><br>نظم کی تشریح | طلبہ سے پوچھیں کیا آپ کو کوئی مزاحیہ نظم یا اس کا کردار یاد ہے۔ آپ کو کون سی نظم یاد ہے۔ جن بچوں کو یاد ہو ان سے سنا جائے۔ طلبہ کو بتائیں گی کہ بعض دفعہ کہانیوں اور نظموں کے یہ کردار صرف تصوراتی ہوتے ہیں جو شاعر یا مصنف خود تخلیق کرتا ہے۔ استاد نظم کے ایک ایک شعر کو با آواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | نیت کی مدد سے صوفی غلام مصطفیٰ تبسم کی کوئی اور بچوں کی نظم لکھ کر لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

معیاددوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

بارہواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | | ۸۴ | مشق ۱ | نظم کو زبانی یاد کرنا<br>سوالات کے جوابات | استاد بچوں سے نظم کی بلند خوانی کروائے تاکہ نظم ان کو زبانی یاد ہو جائے۔ درست تلفظ، تاثرات اور جذبے کے ساتھ نظم پڑھیے<br>استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | |
| ۴ | | | مشق ۲-۳ | ہم آواز الفاظ<br>مصرعے مکمل کرنا | دیے گئے الفاظ کے ہم آواز الفاظ لکھیے<br>نظم کی مدد سے دیے گئے مصرعے مکمل کیجیے | سوالات کے جوابات یاد کریں |
| ۵ | | | سرگرمی | مزید نظموں سے واقفیت | یوٹیوب یا گوگل کی مدد سے ٹوٹ بٹوٹ کے حوالے سے مزید نظمیں موجود ہیں۔ کمپیوٹر پر یوٹیوب سے لے کر دو یا تین نظمیں دکھائی اور سنائی جائیں۔<br>☆ نظمیں پڑھنے یا دکھانے کے بعد تمام بچوں سے ٹوٹ بٹوٹ کے کردار کے حوالے سے رائے لی جائے گی مثلاً آپ کے خیال میں اس کردار میں کیا خوبیاں ہیں اور کیا خامیاں ہیں؟ طلبہ کے بتائے ہوئے نکات کو تختہ تحریر پر لکھا جائے گا اور ٹوٹ بٹوٹ کا ایک خاکہ تیار کیا جائے گا۔ طلبہ اس کردار کی مختلف خصوصیات بتائیں گے۔ اس طرح طلبہ پر یہ کردار واضح ہو جائے گا۔ | آپ کو نظم کو کون سا بند سب سے اچھا لگا اور کیوں؟ لکھ کر لائیں |
| ۶ | | ۸۴<br>۱۰۱ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنی پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاد دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### تیرھواں ہفتہ

| گھر کا کام | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | تدریسی مقصد | عنوان | صفحہ نمبر | سبق نمبر | پیریڈ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آپ کے خیال میں اگر کوڑے دان نہ ہوتا تو کیا ہوتا؟ اپنی رائے کا اظہار کیجیے: | سب سے پہلے تختہ سیاہ پر ایک جملہ لکھیں گی مثلاً حضرت محمدؐ نے فرمایا ''صفائی نصف ایمان ہے'' اس جملے پر طلبہ سے اظہار خیال کروایا جائے گا۔ پھر پوچھا جائے کہ اپنے آپ کو اور اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف رکھنے کے لیے آپ کیا کیا کر سکتے ہیں۔ طلبہ کے جوابات بورڈ پر لکھتے جائیں اور پھر موضوع کی طرف آئیں<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | کوڑے دان کی ضرورت، اہمیت اور اس کے استعمال کو سمجھنا<br>بلند خوانی | میں ہوں کوڑے دان | ۸۵۔۸۶ | ۲۵ | ۱ |
| | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | سبق کی پڑھائی | | | | ۲ |
| | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | سوالات کے جوابات | مشق ۱ | | | ۳ |
| سوال جواب یاد کریں | جملوں میں دیے گئے غلط الفاظ کا املا درست کر کے لکھیں | املا کی درستگی | مشق ۲ | | | ۴ |
| | بچے مل کر اپنی جماعت کی صفائی کریں اور کچرا کوڑے دان میں ڈالیں اور دوسری جماعتوں کو بھی اپنی جماعت کو صاف کرنے کی ترغیب دیں۔ | جماعت کی صفائی | سرگرمی | | | ۵ |
| | دیے گئے جملوں پر صحیح اور غلط کے نشان لگائیے<br>دیے گئے الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کریں | صحیح اور غلط جملے<br>جملے بنانا | مشق ۳۔۴ | | | ۶ |
| | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | | انشاء پردازی | | | ۷ |

## معیاددوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### چودھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲۵ | | سرگرمی | آپ بیتی لکھنا | طلبہ کو گروپ میں تقسیم کیا جائے گا اور ہر گروپ کو ایک ایک کمپیوٹر پیپر دیا جائے گا۔طلبہ سے کہا جائے گا کہ وہ ''کوڑے دان'' کی آپ بیتی لکھیں یعنی ''میں ایک کوڑے دان ہوں'' کے عنوان سے آپ بیتی لکھیں۔طلبہ کی رہنمائی کریں گی اور انہیں بتائیں گی کہ آپ بیتی کس طرح لکھی جاتی ہے اس میں ''میں'' کا صیغہ استعمال ہوگا اور زمانہ حال میں لکھی جاتی ہے | |
| ۲ | | | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۳ | ۲۶ | ۱۸۔۱۹ | خدمت خلق | خدمت خلق کے جذبے سے آشنا ہونا<br>بلندخوانی | طلبہ سے پوچھا جائے گا کہ کیا آپ نے کبھی کسی کی مدد کی ہے؟ راستے میں یا کہیں بھی آتے جاتے کسی کا کوئی کام کیا ہے؟ کیا آپ دوسروں کا خیال رکھتے ہیں؟ کوئی ایسا واقعہ جب آپ نے کسی کی مدد کی ہو؟ یا کسی سے ہمدردی کی ہو کیا آپ کے گھر میں کوئی بزرگ ہیں؟ کیا آپ ان کا خیال رکھتے ہیں؟ کیا آپ اپنے امی ابو کی خدمت کرتے ہیں؟ اپنے چھوٹے بہن بھائی کا خیال رکھتے ہیں؟<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | :اگر آپ نے کبھی کسی کی مدد کی ہے تو اسے اپنے الفاظ میں بیان کیجئے: |
| ۴ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلندخوانی کروائی جائے گی۔اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلندخوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۵ | | ۲۰ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | |
| ۶ | | | مشق ۲۔۳ | خدمت خلق کے طریقے<br>جملے بنانا | بچوں کو خدمت خلق کے مختلف طریقے بتائیں<br>دیئے گئے الفاظ کے جملے بنوائیں | سوال کے جواب یاد کر کے آئیں<br>(۱۔۴) |
| ۷ | | | انشاءپردازی | | انشاءپردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاددوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پندرہواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔۲ | ۲۶ | | | سرگرمی | طلبہ کو پانچ پانچ کے گروپ میں تقسیم کیا جائے گا اور ہر گروپ سے ایک رول پلے یا چھوٹ سا ڈرامہ (اسکٹ) پیش کرنے کے لیے کہا جائے گا۔اس کے لیے طلبہ کو ۱۰ منٹ دیے جائیں گے ۔موضوع ہوگا ''لوگوں کی خدمت کرنا اچھی بات ہے'' ۔طلبہ اس موضوع پر ایک چھوٹا سا رول پلے تیار کریں گیا ور اپنی اداکاری کے جوہر دکھائیں گے۔معلّمہ کی معاونت شامل رہے گی۔ | آپ اپنے گھر میں موجود بڑوں کی کس کس طرح مدد کر سکتے ہیں۔<br>پانچ جملے لکھیں۔ |
| ۳ | | ۲۰ | مشق ۴۔۵ | تمنائی جملوں کی پہچان<br>علامت فاعل کی پہچان | بچوں کو بتائیں جن جملوں میں کسی خواہش کا اظہار کیا جاتا ہے ان کو تمنائی جملے کہتے ہیں<br>لفظ 'نے' کو علامت فاعل کہتے ہیں | سوال جواب یاد کریں (۵۔۸) |
| ۴ | | ۱۹<br>۹۹ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۵ | ۲۷ | ۹۱ | درخت | درختوں کی ضرورت واہمیت اور فوائد سے آگاہی<br><br>بلند خوانی | جماعت کو قطار بنا کر اسکول میں لگے کسی بھی درخت کے پاس لے کر جائیں گی اور طلبہ سے کہیں گی کہ دیکھیں ہم اس درخت کے سائے میں کھڑے ہیں آپ یہ بتایئے کہ درخت ہمیں سایہ دینے کے علاوہ اور کس کس کام آتے ہیں؟<br>یا جماعت میں درخت کا ایک ماڈل لائیں یا تختہ تحریر پر درخت کی ایک تصویر بنائیں اور اس کے بارے میں سوال کریں۔<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | ایک چارٹ بنائیں جس میں ایک درخت کی تصویر بنائیں اور درختوں کے تین فوائد اور ان کے نہ ہونے کے تین نقصانات لکھیں۔<br>معلومات کے لیے گھر میں بڑوں سے مدد لیں۔ |
| ۶ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

معیاد دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

سولہواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | | ۹۲-۹۳ | مشق ۱-۳ | سوالات کے جوابات<br>جملے کی درستگی | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دیے گئے جملوں کو درست کر کے لکھیں | مشق ۲ کر کے لائیں |
| ۴ | | ۹۳-۹۴ | مشق ۴-۵ | نئے لفظ بنانا<br>الفاظ جوڑیے | دیے گئے الفاظ سے تین نئے لفظ بنائیے<br>ایک دوسرے سے تعلق رکھنے والے الفاظ کو جوڑیے | مشق ۶ کر کے لائیں |
| ۵ | | | | شجر کاری کرنا<br>سرگرمی | طلبہ سے کچھ سامان منگوایا جائے گا اور شجر کاری مہم کا انعقاد کروایا جائے گا۔ اسکول میں ایک جگہ پر یا<br>ایک کیاری پر طلبہ کو لے جایا جائے گا اور شجر کاری کروائی جائے گی۔<br>کتاب میں دی گئی سرگرمی بھی کروائیں | |
| ۶ | | ۹۲<br>۱۰۱ | نئے الفاظ<br>فرہنگ | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنی پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

معیاددوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

سترہواں ہفتہ

| گھر کا کام | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | تدریسی مقصد | عنوان | صفحہ نمبر | سبق نمبر | پیریڈ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بچوں کے کسی رسالے سے کوئی چھوٹا سا سبق آموز قصہ یا واقعہ اپنی کاپی میں لکھ کر لائیں | طلبہ سے پوچھیں گی کہ جب آپ کو کوئی اچھی بات بتاتا ہے یا سمجھاتا ہے تو آپ کیا کرتے ہیں؟اس سے آپ کو کیا فائدہ ہوتا ہے؟ کوئی ایسی بات یا نصیحت جو آپ کو یاد ہو اور آپ نے اس پر عمل کیا ہو؟ طلبہ کو حکایت اور کہانی میں کیا فرق بتائیں اور پھر موضوع کی طرف آئیں<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | سبق آموز قصے اور کہانیوں سے سبق سیکھنا<br>بلند خوانی | شیخ سعدی کی حکایتیں | ۹۵-۹۶ | ۲۸ | ۱ |
| | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | سبق کی پڑھائی | | | | ۲ |
| مشق ۲،۳ کر کے آئیں | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | سوالات کے جوابات | مشق ۱ | ۹۶ | | ۳ |
| مشق ۵ کر کے لائیں | ایک ڈبے میں واحد الفاظ کی پرچیاں ہوں۔ طلبہ کو ایک کھیل کھلایا جائے دو گروپ بنوائے جائیں۔ ایک ایک گروپ سے باری باری ایک بچہ آئے اور اس الفاظ کو دیکھ کر اس کی جمع بنائے۔ اگر وہ نہ بتا سکے تو اس کو پوائنٹ نہیں ملے گا۔ معلّمہ تختہ تحریر پر ان کے پوائنٹ لکھتی جائیں وہ ٹیم جیتے گی جو زیادہ اسکور کرے گی | جمع کی واحد | مشق ۴ | ۹۸ | | ۴ |
| | شیخ سعدی کی چند حکایات ڈرامائی شکل میں یوٹیوب پر موجود ہیں جو (animated) ہیں یعنی ان میں کردار کو کارٹون کی شکل میں بنایا گیا ہے۔ یہ کہانیاں بڑے دلچسپ انداز میں بنائی گئی ہیں۔ ایک یا دو کہانیاں طلبہ کو ملٹی میڈیا پر دکھائی جائیں۔☆ کہانی دکھانے کے بعد طلبہ سے اس میں پوشیدہ سبق کے بارے میں پوچھا جائے گا اور طلبہ کی رائے لی جائے گی۔ | سبق سے مزید آگاہی | سرگرمی | | | ۵ |
| | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | نئے الفاظ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | نئے الفاظ<br>فرہنگ | ۹۶<br>۱۰۱ | | ۶ |
| | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | | انشاء پردازی | | | ۷ |

معیاددوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

اٹھارواں،انیسواں ہفتہ

| عنوانات | مقاصد تدریس | طریقہ تدریس |
| --- | --- | --- |
| اعادہ | امتحان کی تیاری | ورک شیٹس بنا کر اعادہ کروائیں |